Iqbal International
Institute For
Research & Dialogue

# اسلامی نظریاتی کونسل

## اور اقبال بین الاقوامی ادارہ برائے تحقیق ومکالمہ کے

## باہمی اشتراک سے منعقد ہونے والی دو روزہ قومی کانفرنس

# ”اسلام اور مغرب: باہمی افہام وتفہیم کی ضرورت اور تقاضے“

28-29 اکتوبر 2014ء

قائداعظم آڈیٹوریم ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی ، فیصل مسجد کیمپس، اسلام آباد


بسم الله الرحمن الرحيم

# دوروزہ کانفرنس: اسلام اور مغرب: باہمی افہام وتفہیم کی ضرورت اور تقاضے

اسلام اور مغرب کا آپس میں مسلسل اور صدیوں پر محیط ایک تعلق ہے، اسلام اور مغرب کے حوالے سے مختلف قسم کے رجحانات اور جذبات پائے جاتے ہیں۔ جہاں ایک طرف ایک طبقہ ایسا پایا جاتا ہے جو مغرب کی طرف سے آنے والی کسی بھی چیز کو درست نہیں سمجھتا اور مغرب کے بارے میں ایک حتمی اور طے شدہ ذہن رکھتا ہے کہ وہ اسلام کے مخالف ہیں اور اسلام کو ان سے کسی قسم کا کوئی فائدہ متوقع نہیں۔

وہیں مغرب میں بھی چند افراد اسلام کے بارے میں غلط فہمی کا شکار ہیں۔ اس کے باوجود جانبین میں ایک معتدل اور سنجیدہ سوچ موجود ہے کہ اسلام اور مغرب کو آپس میں ایک دوسرے کے قریب لانے کی اور افہام وتفہیم کی ضرورت ہے۔ افہام وتفہیم کی یہ فضا ایک دوسرے کے افکار وخیالات سے آشنا ہوکر اور ایک دوسرے کے ساتھ ادب واحترام اور رواداری کے ماحول میں گفتگو کے ذریعے پنپ سکتی ہے۔

موجودہ دور کے تقاضے اس بات کا مطالبہ کرتے ہیں کہ اسلام اور مغرب کے باہمی تعلقات اور ان دونوں کے آپس میں رویوں کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور باہمی افہام وتفہیم کی ضرورت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایسے مسلسل اقدامات کئے جائیں جن کے ذریعے جانبین میں پائے جانے والی غلط فہمیوں کا ازالہ کیا جاسکے اور ایک مشترکہ لائحہ عمل طے کیا جاسکے، جس کے ذریعے امن اور سلامتی کے ساتھ رہا جاسکے۔

اسلامی نظریاتی کونسل اور اقبال بین الاقوامی ادارہ برائے تحقیق ومکالمہ کے اشتراک اور تعاون سے ایک دوروزہ قومی کانفرنس منعقد کی جارہی ہے جس میں ''اسلام اور مغرب باہمی افہام وتفہیم کی ضرورت وتقاضے'' کے موضوع پر اہل علم کو دعوت دی گئی ہے کہ وہ علمی وتحقیقی اور تجزیاتی مقالے پیش کریں۔

اس قومی کانفرنس کے نمایاں مقاصد درج ذیل ہیں:

۱۔ اسلام کے بارے میں مغرب کے عمومی تاثرات کا تاریخی پس منظر میں تجزیاتی مطالعہ۔
۲۔ اسلام پر لکھی گئی مستشرقین اور مغربی مفکرین کی کتابوں کا ایک جائزہ۔
۳۔ اسلام کے بارے میں اہل مغرب کی غلط فہمیوں کے اسباب اور ان کے ازالہ کی حکمت عملی۔
۴۔ دورحاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ معاصرانہ اسلامی فکر کو اجاگر کرنا۔
۵۔ اسلام اور اہل مغرب کے مذہب اور روحانی نظام میں مشترکہ اقدار کو اجاگر کرنا۔
۶۔ مسلم علماء ودانشور اور مغرب کے سکالرز کے مابین فکری مکالمہ کی اہمیت کو اجاگر کرنا۔
۷۔ مغرب کے عوام کو باور کرانا کہ اسلام سلامتی اور عالم گیر امن کا مذہب ہے۔

کانفرنس دوروزہ ہوگی۔ اس کا انعقاد قائد اعظم آڈیٹوریم، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، فیصل مسجد کیمپس، اسلام آباد میں ہوگا۔ اس کانفرنس میں پاکستان کے تمام مکاتب فکر کے علماء کو مدعو کیا گیا ہے۔ سامعین میں اسلام آباد اور راولپنڈی کی یونیورسٹیوں اور مدارس کے اساتذہ وطلباء وطالبات کے علاوہ دانشور اور صحافی حضرات ہوں گے۔
کانفرنس کا پروگرام درج ذیل ہے۔

پروگرام دوروزہ قومی کانفرنس ''اسلام اور مغرب: باہمی افہام وتفہیم کی ضرورت اور تقاضے''

پہلا دن: بروز منگل، مؤرخہ 28 اکتوبر 2014ء

افتتاحی تقریب: 10 بجے تا 11:30 بجے دوپہر

نقابت: ڈاکٹر اکرام الحق

| نمبر شمار | موضوع | دورانیہ |
|---|---|---|
| ١ | تلاوت ونعت | 10:00 سے 10:10 تک |
| ٢ | خیر مقدمی کلمات:<br>پروفیسر ڈاکٹر احمد بن یوسف الدریویش، صدر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد | 10:10 سے 10: 25 تک |
| ٣ | کانفرنس کے اغراض ومقاصد:<br>مولانا محمد خان شیرانی، چیئرمین، اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد | 10:25 سے 10:45 تک |
| ٤ | خطاب:<br>پروفیسر ڈاکٹر معصوم یاسین زئی، ریکٹر، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد | 10:45 سے 11:00 تک |
| ۵ | کلیدی خطاب مہمان خصوصی:<br>جناب جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ، وفاقی وزیر برائے ریاستہاو سرحدی علاقہ جات<br>(SAFRON) | 11:00 سے 11:20 تک |
| ٦ | کلمات تشکر:<br>پروفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، اقبال بین الاقوامی ادارہ برائے تحقیق ومکالمہ | 11:20 سے 11:30 تک |

وقفہ برائے چائے ومفرحات: 11:30 سے 12:00 تک

پہلا سیشن: ( 12:00 سے 01:30 بجے تک )

صدارت: پروفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، اقبال بین الاقوامی ادارہ برائے تحقیق و مکالمہ

نقابت: خورشید احمد ندیم

| مقالہ نگار کا نام | مقالے کا عنوان | دورانیہ |
|---|---|---|
| ۱۔ ڈاکٹر طاہر مسعود | مختلف مذاہب میں ہم آہنگی اور رواداری کے اصول و ضوابط | 12:00 سے 12:20 |
| ۲۔ جناب سجاد میر | اسلام اور مغرب کے مابین مکالمے کی کامیابی میں رکاوٹوں کی نشاندہی | 12:20 سے 12:40 |
| ۳۔ محترمہ امینہ ہوتی | اسلام اور مغرب کے مابین مکالمے کی کامیابی میں رکاوٹوں کی نشاندہی | 12:40 سے 01:00 |
| ۴۔ پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز | اسلاموفوبیا اور ویسٹوفوبیا: ایک متبادل بیانیہ | 01:00 سے 01:20 |
| ۵۔ صدارتی کلمات: پروفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد | | 01:20 سے 01:30 |

وقفہ برائے نماز و طعام 01:30 سے 02:30

دوسرا سیشن (02:30 سے 04:00 بجے سہ پہر)

صدارت: مولانا زاہد الراشدی

نقابت: ڈاکٹر طاہر مسعود

| مقالہ نگار | مقالے کا عنوان | دورانیہ |
|---|---|---|
| ۱۔ پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز | اسلام کا دیگر ادیان عالم کے ساتھ تعلق (اصولی تعلیمات اور قانونی نظام) | 02:30 سے 02:50 |
| ۲۔ جناب متین احمد شاہ | اسلام اور مغرب، کلام اقبال کے تناظر میں | 02:50 سے 03:10 |
| ۳۔ جناب خورشید احمد ندیم | اسلام اور مغرب کے مابین مکالمے کی کامیابی میں رکاوٹوں کی نشاندہی | 03:10 سے 03:30 |
| ۴۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد الغزالی | رواداری سے ماورا | 03:30 سے 03:50 |
| ۵۔ صدارتی کلمات: مولانا زاہد الراشدی | | 03:50 سے 04:00 |

**دوسرا دن: بروز بدھ، مؤرخہ 29 اکتوبر 2014**

پہلا سیشن (09:30 سے 11:30 بجے دوپہر)

صدارت: مولانا محمد خان شیرانی

نقابت: جناب مشتاق احمد

| مقالہ نگار | مقالے کا عنوان | دورانیہ |
|---|---|---|
| ۱۔ جناب عبداللہ | اسلام اور مغرب کی باہمی آویزش کے اعتقادی پہلو | 09:30 سے 09:50 |
| ۲۔ مولانا عمار خان ناصر | مغرب کا تہذیبی وسیاسی غلبہ اور امت مسلمہ کا ردعمل | 09:50 سے 10:10 |
| ۳۔ مولانا مفتی محمد زاہد | مسلم، مغرب تعلقات ومکالمہ: برصغیر کی دینی روایت کے طرز فکر وعمل کا ایک جائزہ | 10:10 سے 10:30 |
| ۴۔ ڈاکٹر الطاف قادر | پختون علاقوں میں اقلیتیں، سوات کی سکھ برادری پر ایک نظر | 10:30 سے 10:50 |
| ۵۔ جناب جنید احمد | Resisting the Temptations of Muslim Intellectuls and Collaboration: Moving Beyond the " Islam and the west " Binary (تعاون کی خواہش پر مزاحمت: اسلام ومغرب کی بحث سے آگے کا سفر اور مسلم دانشور) | 10:50 سے 11:10 |
| ۶۔ صدارتی کلمات: مولانا محمد خان شیرانی | | 11:10 سے 11:30 |

**وقفہ برائے چائے ومفرحات 11:30 سے 12:00 تک**

دوسرا سیشن (12:00 سے 02:00 تک)

صدارت: پروفیسر ڈاکٹر محمد الغزالی

نقابت: جناب محمد الیاس خان

| مقالہ نگار | مقالے کا عنوان | دورانیہ |
|---|---|---|
| ۱۔ پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی | موجودہ عالمی نظام میں لادین مادہ پرستی کے اثرات | 12:00 سے 12:20 |
| ۲۔ جناب مشتاق احمد | بین الاقوامی قانون: مغرب کی تخلیق یا انسانیت کی مشترکہ کاوش؟ | 12:20 سے 12:40 |
| ۳۔ مولانا مفتی محمد سعید خان | مغرب کو دعوت دینے کے سلسلے میں رکاوٹیں | 12:40 سے 01:00 |
| ۴۔ مولانا قاضی محمد ہارون | مادہ پرستوں کا فساد عالم میں کردار | 01:00 سے 01:20 |
| ۵۔ پروفیسر ساجد شہباز خان | اسلام اور مغرب: تصور علم کا تصادم و توافق | 01:20 سے 01:40 |
| ۶۔ صدارتی کلمات: پروفیسر ڈاکٹر محمد الغزالی | | 01:40 سے 02:00 |

وقفہ برائے نماز و طعام **02:00 تا 03:00**

اختتامی تقریب (03:00 سے 04:30 بجے سہ پہر)

نقابت: ڈاکٹر طالب حسین سیال

| نمبر شمار | موضوع | دورانیہ |
|---|---|---|
| ۱ | تلاوت و نعت | 03:00 سے 03:10 |
| ۲ | خیر مقدمی کلمات: پروفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد | 03:10 سے 03:25 |
| ۳ | کانفرنس کی سفارشات: غلام دستگیر شاہین | 03:25 سے 03:35 |
| ۴ | کلیدی خطاب مہمان خصوصی: جناب سردار محمد یوسف، وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی | 03:35 سے 04:00 |
| ۵ | کلمات تشکر: مولانا محمد خان شیرانی، چیئرمین، اسلامی نظریاتی کونسل | 04:00 سے 04:20 |
| ۶ | تقسیم اسناد و یادگاری شیلڈز | |